# مطبوعات

**جادُو کی حقیقت**

مؤلّف : ڈاکٹر حبیب الرحمٰن الہٰی علوی

پتہ : عبداللہ ہارون روڈ کراچی

قیمت : مجلد بغیر پلاسٹک کور -/۲۰ روپے

پلاسٹک کور کے ساتھ -/۲۳ روپے

ضخامت ۲۲۸ صفحات

پاکستان کے مشہور ڈاکٹر الہٰی علوی (ڈینٹسٹ)، کی شخصیت بڑی جاذبِ توجہ ہے۔ اللہ تعالیٰ نے موصوف کو نعمتِ ایمان کے ساتھ قرآن و حدیث کے مطالعہ کی توفیق دی، اور وہ ہوسِ زر کی اس بیماری میں مبتلا نہیں ہوئے جس کی لپیٹ میں ڈاکٹروں کی اکثریت آچکی ہے۔ ڈاکٹر صاحب زمانہ قدیم کے ممتاز اطباء کی طرح ایک طرف اپنے مخصوص فن کو ذریعہ خدمت انسانیت سمجھتے ہیں اور دوسری طرف الہٰی کی مانند علمِ دین سے بہرہ مند ہو کر رُوحانی و اخلاقی بیماریوں کا علاج بھی کرتے ہیں۔

"جادُو" کا موضوع اس وجہ سے اہم ہے کہ قرآن و حدیث نے اس کا اثبات کیا ہے، مگر جدید مادہ پرستانہ علوم چونکہ حسیّات سے ماوراء کسی وجود کو نہیں مانتے، اس لیے نئے لوگ جادُو کو ایک شئے موہوم قرار دیتے ہیں۔ ڈاکٹر صاحب نے قرآن و حدیث سے سند لے کر جدید نفسیاتی علوم کی مدد سے جادُو کی حقیقت کو واضح اور اس کی مختلف صورتوں کو متعین کیا ہے۔ سلسلہ بحث میں ابلیس، شیاطین، قرین (وہ وجود جس کے ہر انسان کے ساتھ پیدا ہونے کا اشارہ حدیث سے ملتا ہے)۔ رُوح، النفس (لوامہ، امارہ، مطمئنہ) جنات، حضرت سلیمان علیہ السلام کا جنّوں پر تسلّط، یہودیوں میں جادوگری کا جواز، فری میسنری، عمل تنویم، آسیب زدگی، جادُو سیکھنے کا طریقہ، جادُوگروں کی بلّور بینی ضمیر دانی، جادوگر مداریوں، مسمریزم ماسٹروں، نٹوں اور انوکھے کرشمے دکھانے والوں کے رُوپ ، دربارِ جہانگیری میں رسّے کا شعبدہ،

رُوحانی عامل اور سیانے اور رمّال، ہنڈیا کا جادُو، جادُوگری، مولویوں اور ملاؤں کے روپ میں، جادُوگر طبیب کے روپ میں، یوگیوں کی ساحری، مجاوروں کے کرشمے، نظربندی، پلانچٹ، حرکت بعید۔ اتصال القلوب اور مشاہدہ بعید، شرک بنانے سحر اور جادُو کے مقابلے میں نماز کی برکات وغیرہ بے شمار موضوعات پر ڈاکٹر صاحب نے بڑے مؤثر انداز تحریر میں بیش بہا معلومات جمع کر دی ہیں۔

کتاب کے آغاز میں احسان الٰہی ظہیر، شاہ بلیغ الدین، مولانا عبدالغفار حسن، علامہ عبدالقدوس ہاشمی کے تعارفی نوٹ اور علامہ محمد ناظم ندوی کا تبصرہ درج ہے۔ ان حضرات نے اوّل تو کہنے کے لیے کچھ چھوڑا ہی نہیں، اور اگر کچھ بات بنائی بھی جائے تو ان صفحات میں زیادہ گنجائش نہیں ہے۔

میں اتنا ہی کہہ سکتا ہوں کہ ڈاک سے کتاب موصول ہوتے ہی میں نے اس کا مطالعہ شروع کیا اور اس پار سے اُس پار نکل جانے تک کسی دوسری طرف متوجہ نہ ہو سکا۔ مجھے شبہ ہے کہ ڈاکٹر الٰہی علوی کی تحریر میں بھی کچھ جادُو ہے۔ یہ الگ بات ہے کہ وہ سحر حلال ہے۔

سفید کاغذ اور مضبوط جلد کے ساتھ یہ ایک اچھی کتاب ہے جسے پڑھنے والوں کو پڑھنا چاہیے۔

---

**رکم اِل سُنگ**

مؤلف و مرتب: نامعلوم

ناشر: کاظمی پبلشنگ ہاؤس، راولپنڈی، پاکستان

قیمت: درج نہیں۔

ضخامت: ساڑھے تین سو صفحات۔

یہ ایک عجیب و غریب کتاب ہے اور سمجھ میں نہیں آتا کہ اس پر کیا لکھا جائے اور کس طرح لکھا جائے۔ پتھریلی اصطلاحات اور چوبی الفاظ کی تکرار کا یہ ایک ایسا مجموعہ ہے کہ اس کا جو بھی صفحہ پڑھیے، ویسا ہی ہوگا جیسے دوسرے صفحے۔ بالعموم کمیونسٹوں کا پروپیگنڈہ لٹریچر ایسا ہی ہوتا ہے۔ ۵۰، ۶۰ سال میں بھی یہ لوگ ایک اچھی ادبی زبان اور ایک من موہنا استدلال نہ پیدا کر سکے۔ ان کا سارا زور سازشی منصوبوں کے ذریعے دوسری قوموں کو سُرخ انقلاب کے جال میں پھانسنے پر صرف ہو جاتا ہے۔ ناپسند